Senator Mian Raza Rabbani: I could not agree with you more. As I said we are gradually moving towards that. Prior there was time when Mushraff was in government and we were in the opposition, on a number of occasions we wanted to military personal to appear before various Committees of Parliament and let me very candidly admit it they refused but with the present leadership at least we are seeing that there is a definite change in mindset and they are not only appearing before the National

Security Committee but they are also appearing before other Committees as well for example the Defence Committee and so on. I think gradually, we are moving in that but I endorse your point of view 100%.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب حفیظ اللہ وزیر صاحب۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: میرا خیال ہے کہ ہمارے جتنے internal security issues and US کے ساتھ تعلقات ہیں، وہ فاٹا کی وجہ سے ہیں ۔ میں تین سوالات کرنا چاہتا ہوں۔ پہلا سوال یہ ہے کہ جب سلالہ کا واقعہ ہوا تو پاکستان اتنا مضبوط ہوا کہ اس نے نیٹو سپلائی بند کر دی۔ ساڑھے چار سال تک اس خلق خدا کی پارٹی نے حکومت کی لیکن وہ آج تک drone attacks پر NATO supply بند نہیں کر سکے، کیا پاکستان اس drone attack کے معاملے میں کمزور پڑ گیا؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ میں نے ایک resolution move کی تھی اور اس کو اس House میں unanimously pass کیا گیا۔ Justice to the people of FATA, Chief Justice, Supreme Court چوہدری افتخار صاحب نے بھی یہ تجویز دی ہے کہ فاٹا تک سپریم کورٹ کی jurisdiction extend کی جائے۔ میں یہاں پر Martin Luther King کا ایک فقرہ quote کروں گا "Injustice anywhere will destroy justice everywhere" اگر وہاں پر انصاف نہیں مل رہا تو پورے پاکستان انصاف تباہ ہو سکتا ہے۔ آپ وہاں پر انصاف اور jurisdiction extend کیوں نہیں کرتے؟ تیسرا سوال یہ ہے کہ ماضی میں ہمیں تجربہ ہو چکا ہے کہ کہیں پر بھی military operation کامیاب نہیں ہوا۔ جناب North Wazirstan Agency میں joint military operation کی بات ہو رہی ہے، اس پر پارلیمنٹ کا کیا response ہو گا اور خصوصاً Parliamentary Committee on National Security کا کیا ہو گا؟

سینیٹر میاں رضا ربانی: آپ کے بہت valid سوالات ہیں اور یقینی طور پر جس کرب سے فاٹا کے عوام گزر رہے ہیں اور وہ پاکستان کی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ہم آپ اور ان بھائیوں کے ساتھ شامل ہیں۔ جہاں تک North Wazirstan کا تعلق ہے، امریکہ کی طرف سے یہ بارہا کہا گیا ہے کہ آپ وہاں پر آپریشن کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ it is not the prerogative of the United States یہ پاکستان کا فیصلہ ہے کہ وہاں پر کب اور کس طرح سے آپریشن ہونا ہے یا نہیں ہونا اور اگر ہو گا تو کس طرح اور کب ہو گا، کیوں ہو گا۔ یہ پاکستان کا purely internal مسئلہ ہے اور اس پر امریکہ کو چاہیے کہ وہ اس سے گریز کرے۔ پاکستان میں جب بھی یہ فیصلہ ہو گا تو یہاں کی سیاسی اور عسکری قیادتیں یہ فیصلہ کریں گی کہ یہ آپ آپریشن کب، کیسے اور کیوں ہونا ہے یا نہیں ہونا یہ پاکستان کی civil and military leadership کا joint decision ہو گا۔ آپ کا دوسرا سوال سپریم کورٹ کی jurisdiction کا سوال ہے اور یہ بالکل درست ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور میں بھی ہے اس نے کوشش بھی کی کہ اس کی jurisdictio بڑھائی جا سکے بلکہ ابتدا میں تو ہماری کوشش یہ تھی کہ ہو سکے تو Frontier Crimes Regulation کو مکمل طور پر ختم کر کے ایک نیا قانون وہاں کے لوگوں کی مرضی سے لایا جائے لیکن یہ بات آپ بڑی اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ اس وقت وہاں پر جو ground realities ہیں، اس میں تمام stakeholder کو ساتھ لے کر چلنا لازم ہے اور جیسے ہی صورتحال کچھ بہتر ہوتی ہے تو یہ اقدام یقیناً اٹھائے جائیں گے۔ As a compromise ہم نے Frontier Crimes Regulations میں تھوڑی بہت amendments کی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ مزید ہونی چاہییں بلکہ اس قانون کو ہی ختم ہونا چاہیے لیکن ایک حد

تک آگے بڑھے ہیں۔ Political Parties Act کو وہاں پر نافذ کرنے کے سلسلے میں بھی آگے بڑھے ہیں۔ جیسے جیسے stability and on ground situation بہتر ہو گی تو یہ اقدامات automatically ہوں گے کیونکہ یہ حکومت کی بھی ترجیح ہے اور یہ the State of Pakistan کی priorities ہیں کہ فاٹا کو جلد از جلد mainstream میں لایا جائے۔ سلالہ اور نیٹو سپلائی کا جہاں تک تعلق ہے تو سلالہ کے واقعے کی proportionality ایسی تھی کہ boots on ground ہوئے تھے اور اس وجہ سے نہ صرف نیٹو سپلائی رکی بلکہ America was asked to vacate Shamsi Airbase اور میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں، آپ کو اس بات پر حیرت ہو گی کہ جب National Security Committee کے سامنے یہ بات آئی تو ہمیں یہ بتایا گیا کیونکہ ہم نے کہا تھا کہ اگر کوئی agreement ہے تو وہ ہمیں دکھایا جائے تو ہمیں from the Ministry of Foreign Affair, Ministry of Defence and the Presidency یہ بتایا گیا کہ ان کے پاس کسی قسم کا کوئی written agreement موجود نہیں ہے۔مشرف صاحب نے اس کو اپنی جاگیر سمجھ کر اس طرح دے دیا جیسے اس کی کوئی اہمیت ہی نہیں ہے۔ جہاں تک drones linkage and NATO supplies کو روکنے کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان as a sovereign country جتنا دباؤ ڈال سکتا تھا اور ڈال رہا ہے اور جتنا دباؤ پاکستان دوست ممالک کے اثر و رسوخ کو استعمال کر کے ڈال سکتا ہے، وہ پاکستان اس وقت ڈال رہا ہے لیکن NATO supplies کی stoppage کے جو repercussions تھے وہ آپ نے دیکھے جب سلالہ کا واقعہ ہوا اور نئی terms of engagements آئیں اور اس کے بعد پھر وہ ایک حد تک on different terms and conditions restore ہوئیں لیکن it is an option لیکن حکومت کے پاس وہ option ہے اور وہ ان کا policy option ہے۔ It is for them to take that decision. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Leader of the Opposition.

Mr. Tabrais Sadiq Mari: I would like to thank you on behalf of the Youth Parliament for taking time out from your busy schedule and briefing us about the civil military relationship. Your opinion certainly enlightened out thoughts and once we are very thankful for you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب ہاشم عظیم صاحب۔

Mr. Hashim Azeem (Youth Prime Minister): Thank you Madam Speaker. Sir, it is really a great honour to have you here with us and on behalf of the Youth Parliament Pakistan I would like to thank you for your precious time and valuable suggestions on certain issues. Sir, the word which you used in your speech civil ascendancy over military rule, I really appreciate that word and we truly believe that in real essence that should be adopted in Pakistan. Sir, as you told our institutions are developing and in a phase of evolutionary process. It is really worthy of appreciation that first time in the history of Pakistan the higher military officials have been brought in the joint sessions of the Parliament and will answerable by the worthy parliament. Thank you.

(At this a souvenir, booklet and Youth manifesto was presented to the honourable guest)

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب، ہم آپ کے بہت شکر گزار ہیں کہ آپ نے ہمارے لیے وقت نکالا۔ آپ کی آمد کا بہت شکریہ۔

The House is adjourned to meet after the lunch)

(اس موقع پر اجلاس دوپہر کے کھانے تک ملتوی کر دیا گیا)

(وقفے کے بعد اجلاس میڈم ڈپٹی سپیکر (محترمہ سارہ عبدالودود) کی زیر صدارت شروع ہوا)

میڈم ڈپٹی سپیکر: تشریف رکھیں۔ جناب تیمور شاہ صاحب ایوان میں قرار داد پیش کرنا چاہتی ہوں کہ قرارداد پیش کریں اور اپنی رائے کا اظہار بھی کریں۔

Mr. Taimoor Shah: Thank you Madam Speaker. I would like to move this resolution.

"This House is of the opinion that the Parliament, Majlis e Shoora of Pakistan should exercise control over its ability to amend certain military laws stated in Pakistan Army Act 1952, the Pakistan Air Force Act 1953 and Pakistan Navy Ordnance 1961 in order to develop civil military law relationship".

میڈم سپیکر! اس سے پہلے کہ اس پر بحث ہو اور اس کے بعد اس resolution کو pass or decline کا فیصلہ کیا جائے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا pass ہونا یا نہ ہونا اتنا اہم نہیں ہے جتنا اس پر discussion ہونا important ہے، اس پر اس پارلیمنٹ کا جتنا input آنا important ہے کیونکہ یہ ایسے issues جو شاید کبھی discuss نہیں ہوئے اور اگر ہوئے ہیں تو ان کو دبا دیا گیا۔ دو دن پہلے اس طرح کی resolution سراج میمن، انعم سعید وغیرہ نے لانے کی کوشش کی but I don't know with which reason they withdrew it جو بھی ہے۔ میری گزارش ہے کہ اس resolution پر جو بھی debateکریں، وہ پارٹی مفادات سے بالا تر ہو کر ملکی مفاد میں کریں۔ اس resolution کا متن ہے کہ certain military laws amend کیے جائیں۔ 1952 کو جو Military Law ہے، اس میں چند ایسی شقیں ہیں جو controversial ہیں۔ یہ تینوں Actsپارلیمنٹ نے ہی بنائے ہیں اور پارلیمنٹ کی کسی چیز کو غیرآئینی، غیر جمہوری unlawful کہنا itself it is a crime. ہم اس کو نہیں کہہ سکتے لیکن صرف civil military law relationship کی development کے لیے ان شقوں میں ترمیم ہونا ضروری ہے اس ترمیم کا حق اور power Parliament of Pakistan کے پاس ہیں۔

اس سے پہلے کہ میں پاکستان کے اس Act کے بارے میں بات کروں ، یہ بتانا چاہوں گا کہ باقی دنیا کے ممالک میں کون سے military laws, military acts and crimes ہیں جن کے تحت military officials and civilians کو penalty دی جاتی ہے ۔ فرانس اور جرمنی دو ایسے ممالک ہیں جہاں پر سرے سے کوئی Military Act or Forces Act بنایا نہیں گیا۔ وہاں پر جتنے بھی جرائم ہوتے ہیں military crimes جن میں war crimes آتے ہیں اور non war crimes آتے ہیں، یہ سارے ایک سی ہی courts میں جاتے ہیں جن کو Civil Law Courts کہا جاتا ہے اور یہ statute law کے اندر آتے ہیں۔ 0348 Statute Laws کے اندر civilian courts کے اندر civilian and military related مقدمات سنے جاتے ہیں۔ سلطنت برطانیہ میں اس طرح کا ایک نظام ہے جو justice in the military ہے جس میں ایک civil judge presiding officer of the tribunal ہوتا ہے اور یہ فیصلہ ایک civil judge سناتا ہے جس کے اندر military officials and military related لوگ بھی ہوتے ہیں and the most important thing is right of appeal to an applicant ہے۔ مشرف صاحب کو لوگ بہت عزت دیتے ہیں، پتا نہیں کیوں دیتے ہیں، اللہ ان سے پوچھے، انہوں نے Military Act کو اتنا strong and over power کر دیا کہ جس کی حد یہ ہے کہ Military Laws civilians پر بھی لاگو ہونا شروع ہو گئے ہیں اور اس شخص نے Military Act میں

amendmentکر دی کہ جو civilian cases کو بھی military courts سن سکتی ہیں اور ان کو یہ حق حاصل ہے۔
اسی طرح سے article 133(a) and 133(b) of the Army Act کہتا ہے کہ

"The decision of the Army Applicant Court shall be final and shall not be called into question before any court of law"

یہ جو Appellate Courts ہیں، ان کا کیا کردار ہے؟ دنیا بھر میں جتنی بھی ایسی courts ہوتی ہیں مثلاً ایک District Court میں کوئی جج یہ فیصلہ سنا دیتا ہے کہ اس شخص کو یہ سزا دی گئی ہے تو Appellate Court can do two things about the decision of the lower court. The first thing is that they confirm the punishment. They say ok the decision of the lower court shall be applicable and the 2nd thing is that they commute the decision, the decrease the amount of punishment لیکن Military Law کے اندر یہ civilian law سے contrary ہے کہ Appellate Court میں accused کو اصل court کے فیصلےسے زیادہ سزا سنائی جا سکتی ہے۔ چھوٹی court سے سزا کے بعد اگر وہ اپیل کرتا ہے تو Appellate Court اس کو اس سے زیادہ سزا سنا سکتی ہے۔

میڈم سپیکر! میں مثال دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان میں سپریم کورٹ میں petitions دائر ہوئی ہیں جو ex officers of the military اور انہوں نے بھی کی ہیں جو accused ہیں۔ میں مثال دینا چاہوں گا کہ جنرل مشرف پر جھنڈا چیچی میں جو حملہ ہوا تھا، اس میں جو civilians involved تھے، ان کو Military Court کے through death sentence دی گئی۔ انہوں نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی۔ اس کے بعد لال مسجد کے واقعے میں ضرار کمپنی کے دو ایسے کمانڈو تھے، جن کے نام سپاہی شاہد شہزاد اور حوالدار غلام احمد ہیں۔ انہوں نے withdraw کیا تھا کہ ہم اس مقصد میں آپ کے ساتھ نہیں ہیں، ان دونوں کو چودہ سال جیل کی سزا سنائی گئی اور ان پر الزام عائد کیا گیا کہ ان کے اندرسےتعلقات تھے۔ ان کے ساتھ یہ زیادتی ہوئی کہ ان کو right of appeal بھی نہیں دیا گیا۔ سپریم کورٹ نے ایک Federal Government سے ایک وضاحت طلب کی ہے کہ یہ جو Acts ہیں، میں پڑھ کا سناتا ہوں۔

Pakistan Army Act 1952, which requires an accused to record evidence on oath during investigation.

یہ Army Act میں accused on oath evidence record کرائے گا first forceful oath اور اس کے بعد سزا بھی اس evidence پر سنا دی جائے گی جو accused evidence of oathوہ دے گا، اسی پر سزا سنا دی جائے گی۔ یہ کچھ ایسی شقیں ہیں اور کچھ ایسی شقیں ہیں کہ Chief of Army Staff کسی کو نوکری سے without any reason برخواست کر دیتا ہے تو اس کا کیس بھی کسی عدالت میں نہیں سنا جائے گا نہ چیلنج ہو سکے گا۔ اس کے ساتھ even in summary court martial during war time ایک کرنل میجر کا کر سکتا ہے اور اس کے لیے کوئی military کو appellant court بھی نہیں ہے۔ Summary court martial ہو گا، وہیں پر عدالت لگے گی، وہیں پر جو بھی senior Commissioned Officer ہے وہ junior کا کیس سنے گا وہی گواہی دے گا اور سزا سنا دے گا۔ ان certain laws کو through Parliament amend کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ عمیر نجم صاحب۔

جناب عمیر نجم: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں اس بارے میں یہی کہنا چاہوں گا کہ فوج پاکستان کا سب سے بڑا ادارہ ہے اور وہاں پر جنگل کا قانون نہیں ہونا چاہیے اور میں معزز ممبر کی اس resolution کی حمایت کروں گا اور چاہوں گا کہ ہماری legislative authority کو ان چیزوں پر غور و فکر کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترمہ اشنا احمد صاحبہ۔

محترمہ اشنا احمد: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں اس resolution کو second کروں گی۔ تیمور شاہ صاحب نے ان Acts and clauses بارے میں بڑا اچھا explain کر دیا ہے۔ 2007 میں پرویز مشرف اس Army Act میں ترمیم لائے تھے۔ اس ترمیم کے ذریعے civilians کا trial through military courts کر سکتے تھے۔ Amended Act میں بھی civilians کا military courts میں trial ہو سکتا تھا اس کی requirement تھی کہ ایک accused Army میں ہونا چاہیے لیکن اس ترمیم کے ذریعے اب ہر civilian کا military court میں trial ہو سکتا ہے۔ پہلے ہی military power اتنی زیادہ تھی لیکن اس کو اس قدر بڑھا دیا گیا کہ civilians کو اس میں trial کیا جا سکتا ہے۔ ان میں ترمیم کرنے کی جلد ضرورت ہے تا کہ سب کو ان کا حق دیا جا سکے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سراج میمن صاحب۔

جناب سراج میمن: اس میں لکھا ہوا ہے کہ This House is of the opinion that the Parliament, پاکستان Majlis e Shoora of Pakistan should exercise control over its ability to amend certain military laws میں پارلیمنٹ ہے اور اس کے پاس amend کرنے کا حق ہے اور اس resolution کے idea سے میں agree کرتا ہوں مگر اس کی wording, should exercise پاکستان کا آئین فاٹا کے علاوہ ہر جگہ ہر ایک کو amend, abolish کرنے کا پارلیمنٹ کے پاس حق ہے۔ تیمور شاہ صاحب نے بتایا ہے کہ Military Courts میں civilians کا court martial ہوسکتا ہے، یہ Law واقعی amend ہونا چاہیے اور Military Courts علیحدہ ہونی چاہییں اور Civilian Courts علیحدہ ہونی چاہییں۔ میں resolution کی wording سے اختلاف کرتا ہوں اور میری درخواست ہے کہ اس پر زیادہ روشنی ڈالیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شہیرہ جلیل صاحبہ۔

محترمہ شہیرہ جلیل الباسط: شکریہ، میڈم سپیکر۔ Basically یہ resolution اس طرح کی ہے کہ اس میں contradiction آنا بہت آسان ہے۔ آپ بات کرتے ہیں پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قوانین میں پارلیمنٹ ترمیم کرے تو یہ بے شک اس کا حق ہوتا ہے لیکن آپ کو یہ چیز سمجھنے کی ضرورت ہے کہ جن تین قوانین کا نام لیا گیا ہے، اس کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک Law or clauses within the military jurisdiction deal کر رہے ہوتے ہیں کہ ان کا recruitment process, court martial, military laws کیسے ہوں گے اور دوسرا حصہ یہ ہوتا ہے کہ وہ military and civilians کے بیچ میں ایک relation قائم کرتا ہے جیسے ہمارے پاس NLC کا کیس ہے کہ آپ نے اس طرح کی financial corruption کی ہے کہ آپ نے NLC کے نام پر loan لیا ہے اور اس کو Stock Market میں لگا دیا ہے۔ یہ ایک financial corruption, civilian corruption بن جاتی ہے جہاں پر آپ نے civilian society کو نقصان پہنچایا ہے۔ یہ بات کر رہے ہیں کہ پارلیمنٹ کے پاس یہ laws amend کرنے کا اختیار ہونا

چاہیے لیکن ہمیں یہ چیز سمجھنےکی ضرورت ہے کہ پارلیمنٹ ان clauses کو amend کر سکتی ہے جو civilian corruption deal کر رہے ہوں یا military and civilian relation کے reference سے ہوں لیکن پارلیمنٹ کو یہ اختیار کہہ دینا آسان ہو گا ، ملنا مشکل ہو گا یعنی within the military recruitment, court martial amend کر دیں، یہ کہہ تو سکتے ہیں لیکن یہ بڑی ideal situation ہو جائے گی۔ مجھے نہیں لگتا کہ ملٹری اس کے لیے آسانی سے مان جائے کہ پارلیمنٹ ان laws کو amendکرے جو military jurisdiction میں آتے ہیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر:تیمور شاہ صاحب۔

جناب تیمور شاہ: میڈم سپیکر! ابھی بلال صاحب سے بھی اس سلسلے میں بات ہو رہی تھی۔ انہوں نے بڑی اچھی بات کی کہ we are not in a stage, we can’t easily yet digest acting upon military and we can’t digest civil supremacy over the military میں تو یہی کہنا چاہوں گا کہ پارلیمنٹ سب سے supreme ہے، اس نے آئین بنایا ہے اور جو آئین بنا سکتی ہے، اس میں ترمیم بھی کر سکتی ہے۔ یہ Acts military dictators لائے ہیں اور مشرف نے 2007 میں ان کے اندر اتنی بھیانک powers دے دی ہیں کہ مشرف ایک Civil Power Ordinance بھی لایا تھا جس کے تحت Martial Courts میں civilians کو بھی drag کیا جا سکتا ہے۔ اس کے لیے صرف ایک accusedکی ضرورت ہے۔ یہ بات نہیں ہو رہی بلکہ ہم یہ کہہ رہے کہ certain military laws ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ اس کو ختم کر دیں۔ میں انڈیا کی مثال اس لیے دوں گا کہ انہوں نے اب وہاں اپنے Acts amend کرنا شروع کر دیے ہیں اور انہوں نے سب سے پہلے جس Act میں ترمیم کی ہے، وہ ہے کہ Chief of Army Staff کا یہ اختیار ختم کر دیا ہے کہ وہ without any reason کسی کو نوکری سے برخواست کر سکتا ہے۔ Supreme Court, Appellate Court بن گئی ہے کہ وہاں military کے بندے اپیل کر سکتے ہیں۔

میں آخری بات کرنا چاہوں گا کہ میں جو بات کر رہا ہوں وہ unprecedented نہیں ہے۔ اس کے شواہد موجود ہیں۔ یہ انگلینڈ میں ہے، فرانس اور جرمنی میں تو Military Actسرے سے ہے ہی نہیں۔وہاں military میں جو بھی crimes ہوتے ہیں، ان کو civil courts ہی سنتی ہیں۔ آخری بات کہوں گا کہ civil کو public سے relate نہ کیا جائے۔ Civil Law is part of the Statute Law. اس کی دو branches Civil Law and Criminal Law ہیں۔ Civil law میں amendments ہونی چاہییں۔ سپریم کورٹ نے Judge Advocate General branch کو ایک خط لکھا، ایک وضاحت طلب کی کہ why are you not giving a charge sheet to the accused of the court martial before confirmation of his sentence. کسی کو سزا سنانے سے پہلے اس کو charge sheet تو دی جائے۔ اس کو پتا تو ہو کہ وہ کس جرم میں سزا پا رہا ہے۔ یہ بات کی جا رہی ہے کہ supremacy of the law ہو، چاہے ملٹری میں ہے۔ ہم military کی عزت کرتے ہیں، وہاں پر بھی کچھ ایسے laws ہیں یعنی کسی کو اگر نوکری سے without retirement benefits نکال دیا جاتا ہے اور اس کو کہیں بھی اپیل کرنے کا حق نہیں اور اگر وہ Military Court میں اپیل کرتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ sentence بڑھ بھی جائے تو مجھے نہیں لگتا کہ پارلیمنٹ اس قانون کو جو اس نے خود بنایا ہے amend نہیں کر سکتی۔ شکریہ۔

محترمہ شہیرہ جلیل الباسط: میڈم سپیکر! انہوں نے مثال دی ہے کہ اگر کسی کو military سے برخواست کر دیا جاتا ہے، پوری Military Court, Panel بیٹھ کر فیصلہ کرتا ہے کہ یہ بندہ suitable نہیں ہے، ہم

اس کو نکال دیتے ہیں،انہوں نے خود ہی کہا ہے کہ اس military personal کو within the Military Court right of appeal ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس کا جج پھر وہی ہوتا ہے اس لیے اگر آپ اپیل بھی کر دیں تو یہ chance ہوتا ہے کہ Military Courts میں decision change نہیں ہوتا۔ جو شخص ملٹری میں نوکری کرتا تھا، اس پر کرپشن کے الزامات لگتے ہیں اور Military Panel decide کرتا ہے کہ this person is not suitable for us اور وہ اس کو نکال دیتی ہے تو آپ کو لگتا ہے کہ Civil Court اتنی قابل ہو گی کہ military کے اندر کے معاملات کو جو دس بندے بیٹھ کر فیصلہ نہیں کر سکتے اور وہ کر سکتی ہے۔ شکریہ۔

جناب تیمور شاہ: میری قابل ممبر ساتھی نے یہ بڑا اچھا issue raise کیا ہے کہ کیا یہ Civil Courts قابل ہیں؟ Civil Courts Pakistan Penal Code کو ہی نہیں deal کرتیں، وہ Hadood Ordinance, corruption cases, criminal cases کو بھی deal کرتی ہیں۔ جتنے بھی Acts بنتے ہیں جیسے پہلے قانون شہادت تھا، ان سب کا مطلب ہی یہ ہے کہ یہ Civil Laws کے لیے بنائے جاتے ہیں اور Laws کی terms یہی ہیں کہ اس کے اندر جتنے بھی acts بنائے جاتے ہیں ان کو انہی کی روشنی میں ایک جج فیصلہ دیتا ہے اور ان کو پڑھ کر ہی فیصلہ دیتا ہے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب نجیب عابد بلوچ صاحب۔

جناب نجیب عابد بلوچ: میڈم سپیکر! شکریہ۔ بات تو بڑی اچھی ہے لیکن آپ Army کے بجٹ کے چار بڑے heads کو پارلیمنٹ میں discuss نہیں کر سکتے اور ابھی آپ اتنے مضبوط نہیں ان کے Acts and Ordinances میںamendments لا سکیں۔ Army کا رویہ یہ ہے کہ وہ کراچی کے بھتہ مافیا کی طرح پرچی بھیجتی ہے کہ اتنے پیسے دو گے تو ٹھیک ہے ورنہ ہتھکڑی لگا کر جدہ بھیج دیں گے۔ جب تک یہ رویے نہیں بدلیں گے، پاکستانی جمہوری معاشرہ اتنی ترقی نہیں کرے گا، جب جمہوریت ایک evolution process سے گزر جائے گی تو یہ ہو سکیں گے۔ NLC cases میں جو لوگ پائے گئے ہیں، ان کے Court Martial کا مسئلہ چل رہا ہے۔ یہ ہو سکتا ہے لیکن current government and parliament capable نہیں ہے، اس میں اتنی ہمت نہیں ہے کہ وہ یہ کرے بشرطیکہ ایک fair election کے ذریعے ایک صحیح پارلیمنٹ اور حکومت بنے جو true representatives ہوں تو شاید ان میں ہمت ہو کہ سرکش جنرلوں اور آرمی کا احتساب کر سکے اور ایک ترقی یافتہ پاکستان کی طرف جایا جا سکے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: انعم سعید صاحبہ۔

محترمہ انعم سعید: میرے محترم ساتھی نے بات کی ہے کہ ہماری پارلیمنٹ اتنی strong نہیں ہے تو میں ان کو یاد کراؤں کہ جب civilians کا court martial ہوتا تھا and he was guilty against some sort of a military personal تو اس کے بارے میں question کرنے کی authority Supreme Court کے پاس بھی نہیں تھی اور چار سال بعد ہم یہاں کھڑے ہیں کہ ان سے question کر سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ ان کو حکم دے سکتی ہے کہ وہ اپنی judgment کے basis پر ہمیں بتائیں کہ کس base پر judgment کی گئی ہے۔ اگر ہم چار سال میں یہاں تک پہنچ سکتے ہیں تو اتنی rigid approach سے تو ہم stagnant قوم بن جائیں گے۔

محترمہ شہیرہ جلیل الباسط: میڈم سپیکر! وہ سپریم کورٹ کی supremacy کی بات کر رہی ہیں لیکن اس resolution میں پارلیمنٹ کی supremacy define ہو رہی ہے تو جب آپ کے سامنے NLC case ہے، PAC اس پر اپنی findings reveal نہیں کر سکتی۔

محترمہ انعم سعید: میڈم! میں آئین کا ایک article جس کا میں نمبر بھول گئی ہوں، اس میں یہ بات کی گئی ہے کہ جب for the good of the public کو بھی بات ہو تو سپریم کورٹ اس پر سوال اٹھا سکتی ہے اور article 199(iii) کو پہلے بھی repeal کیا گیا ہے just for the sake of asking this question by the Supreme Court اگر وہ ایک مرتبہ ایسا کر سکتی ہے تو دوبارہ amendment بھی لا سکتی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: تیمور شاہ صاحب۔

جناب تیمور شاہ: میڈم! انہوں نے 199(iii) کا ذکر کیا ہے وہ کہتا ہے کہ the Supreme Court can't pass any constitutional amendments جو ہیں، یہ سپریم کورٹ نے باقاعدہ جو Judge Advocate General Branch جو justice کو army میں monitor کرتی ہے، اس سے یہ جواب طلب کیا ہے کہ آپ کا جو section 31 of the Army Act ہے which allows an accused to submit a petition against the findings and decisions of a Military Court یہ بنیادی انسانی حقوق اور آئین کے article 10(a) کے خلاف ہیں جو کہ کہتا ہے کہ ہر ایک کو right of free and fair trail حاصل ہے اسی rule کو Federal Shariat Court نے بھی Judge Advocate General Branch کو خط لکھے ہیں اور ان سے جواب طلب کیا ہے کہ آپ ایک accused کو Appellant Court میں کس طرح زیادہ سزا دے سکتے ہیں؟ آپ اس کو commute, confirm تو کر سکتے ہیں لیکن زیادہ سزا تو نہیں دے سکتے۔ آپ اس کو اسی کے oath پر سزا دے دیتے ہیں جو کہ forceful oath of evidence ہے تو free and fair trial نہیں ہےاسی forceful evidence of the accused پر accused کو ہی سزا دی جاتی ہے تو سوال یہ ہے کہ ان شقوں میں ترمیم کی جائے۔ Military Act کے خلاف کو ن بات کر رہا ہے؟ یہ تو اچھی بات ہے، ہر institution کا ایک الگ نظام ہوتا ہے۔ یہ جو بات کرتے ہیں کہ ہم ابھی اتنے strong نہیں ہیں تو یہ کڑوا گھونٹ کبھی نہ کبھی تو پینا پڑے گا۔ آج نہیں تو کل تو پیو گے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جمال جامعی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامعی: میڈم سپیکر! یہاں پر کافی اچھی knowledgeable debate ہوئی ہے کافی چیزیں پتا چلیں جو ہمیں as a civilian نہیں پتا تھیں۔ ہم civilians جب بھی سوچتے ہیں تو یہ ذہن میں آتا ہے کہ کوئی تو ایسا شخص ہو گا جس نے لال مسجد آپریشن سے انکار کیا ہو گا، اگر جنرل گلزار کیانی جیسے لوگ آ کر وہاں پر رو رہے ہوتے ہیں، وہاں پر فاسفورس بم استعمال ہوئے ہیں یا بعض جنرل بعد میں کہہ رہے ہوتے ہیں کہ ہم اس میں شامل نہیں تھے کہ بھٹو صاحب کو پھانسی دینے پر military pressure ڈالا جائے یا باہر کا pressure use کیا جائے یا بعض جنرل بعد میں یہ بھی بتا رہے ہوتے ہیں کہ جب نواز شریف کو کراچی لانڈھی جیل لا رہے تھے تو ان کو جہاز میں بھی ہتھکڑیاں لگائی ہوئیں تھیں۔ جیسے تیمور صاحب نے بتایا ہے تو میں کہوں گا کہ Army Chief کو تقریباً خد ا ہی بنا دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ جانے کے بعد بھی اس قسم کی

باتیں کر رہے ہوتے ہیں کہ ہم جنرل بیٹھے ہوئے تھے، عثمانی نے کہا کہ مجھے وہاں کا گورنر لگا دو، کیانی نے کہا مجھے وہاں کا گورنر لگا دو، بقول رضا ربانی صاحب پاکستان جیسے ان کے باپ کی جاگیر ہے۔ اسی وجہ سے لوگوں کے grievances بھی بڑھتے ہیں اور یہ بہت اچھا resolution لائے ہیں۔ آخر کبھی نہ کبھی تو یہ قدم لینا ہی تھا اور ہم آج ہی یہ بات کریں جب جنرلوں کو Public Accounts Committee میں بلایا جا رہا ہے۔ جب Army war on terror پر بند کمرے میں پارلیمان میں اپنے مقاصد پیش کر رہی ہے تو میرا خیال ہے کہ وہ وقت آ گیا ہے ہم اس طرف آگے بڑھیں ورنہ جمہوریت مسلسل پٹڑی سےاترتی رہے گی۔ اگر آپ ایک Army Chief کو اتنا مضبوط رکھیں گے تو مارشل لاؤں کے لیے تو راستہ کھلا رہے گا۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Let me put this resolution to the House for voting.

(The resolution was adopted)

Madam Deputy Speaker: Mr. Muhammad Haseeb Ahsen, Mr. Jamal Naseer Jamie, Mr. Siraj Memon, Mr. Umair Najam, Mr. Hunain Ali Qadri, Miss Seep Akhtar Channar, Miss Ushana Ahmad, Miss Saman Ahsen and Mr. Tabraiz Sadiq Mari would like to move a resolution. Mr. Muhammad Haseeb Ahsen.

Mr. Haseeb Ahsen: Thank you Madam Speaker.

"This House believe that special attention must be given to Karachi law and order situation, keeping in view its importance as a economic hub of Pakistan. This House also demands that Government of Pakistan must take impartial and bold action against the criminal and may also utilize the military for the purpose if required".

محترمہ سپیکر صاحبہ!کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور economic hub ہے۔اس شہر میں سو روپے اور ایک لاکھ روپے کمانے والا رات کو کھانا کھا کر سوتا ہے۔ اس لیے میں کراچی کو پاکستان کی ماں کہوں تو غلط نہیں ہو گا لیکن بدقسمتی سے کچھ عرصے سے کراچی کے حالات انتہائی ہولناک ہو گئے ہیں۔ کراچی میں بھتہ مافیا، target killing and land grabbing کا عمل بہت ہو رہا ہے اور افسوس سے کہوں گا کہ گزشتہ چار سال میں تقریباً آٹھ ہزار پانچ سو سے زائد افراد اس بدترین دہشت گردی میں قتل ہو چکے ہیں۔ جناب سپیکر صاحبہ! کراچی میں اس وقت جتنی بھی سیاسی جماعتیں ہیں، انہوں نے اپنے اپنے terrorist wings بنا رکھے ہیں جو ایک دوسرے کے خلاف کارروائیاں کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ پولیس کو depoliticize اور کراچی شہر کو deweaponize کیا جائے اور جیسے لیاری میں مشترکہ طور پر پولیس، ایف سی اور رینجرز کی مدد سے بلا تفریق کارروائی کی گئی ہے، اس طرح کراچی کے دوسرے علاقے جہاں حالات خراب ہیں، کارروائی کی جائے اور کراچی کے حالات درست کیے جائیں۔ اس سلسلے میں اگر فوج کی مدد لینی پڑے تو وہ بھی لی جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب جمال نصیر جامعی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامعی: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں اس resolution کے mover کے طور پر تو میں اس سے اتفاق کرتا ہوں لیکن یہاں پر کچھ چیزوں پر کراچی کے حوالےسے روشنی ڈالنا چاہوں گا۔ Law

and order situation بیٹھے بیٹھے خراب نہیں ہو جاتی، اس کے پیچھے کچھ احساس محرومی کو مسلسل پروان چڑھایا گیا۔ اس سلسلے میں وہاں پر پچیس سال پہلے کا ایک کوٹہ سسٹم ، قوم کی شناخت اور بنگلہ دیش محصورین کے رشتہ دار جیسے مسئلے تھے۔ اس بنیاد پر ایک جماعت وجود میں آئی یعنی احساس محرومی تو وہاں موجود تھی اسی لیے وہ آج تک over whelming majority میں ہیں۔ ان issues کو مناسب طور address نہیں کیا گیا، آپ اس پارلیمنٹ کا بھی حصہ رہتے ہیں جو دس سال کے لیے quota system extend کرتی ہے، پھر اس پارلیمنٹ کا بھی حصہ ہوتے ہیں جس اس کو مزید دس سال کے لیے بڑھا دیتے ہیں اور پھر اس پارلیمنٹ کا بھی حصہ ہوتے ہیں جو اس quota system کو چالیس سال کے لیے extend کر دیتی ہے۔ پھر وہ قومیت کے نعرے سے دستبردار ہو کر متحدہ ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد بنگلہ دیش کے محصورین وہیں رہ گئے اور جاگیرداروں کو ہٹانے کے نعرے شروع ہو گئے۔ اس لیے Toll Plaza والے مسئلے تو وہیں رہ گئے اور ملتان میں جاگیردارنہ نظام ختم کرنے اور اسلام آباد سےوڈیروں کا اٹھا کر پھینکنے کی باتیں ہونے لگیں۔ ہم تو وہی رہ گئے۔ کراچی کی پہچان یہ تھی کہ وہاں کے لوگ پڑھے لکھے تھے، CSS officers تھے، ملٹری میں تھے پھر ایک mind set بنایا گیا، ایک بات یہ کہ جب قائد چھ فٹ کا ہو تو وہ پانچ فٹ کے لیڈر بھی برداشت کر لیتا ہے لیکن جب قائد ہی دو فٹ کا ہو تو وہ اپنے ساتھ ڈیڑھ فٹ کے لیڈر ہی برداشت کرے گا، ان لوگوں نے یہ ذہن بنا لیا کہ اگر ہم CSS کے امتحان میں بیٹھیں گے بھی پاس نہیں ہوں گے۔ اس کے تازہ اعداد و شمار یہ ہیں کہ ضلع لاڑکانہ سے گیارہ سو لوگ جب کہ کراچی سے ساڑھے چار سو لوگ CSS میں appear ہوئے ہیں۔ کراچی کی seats مسلسل خالی جا رہی ہیں اور وہ ختم نہیں ہوتیں، اس میں شامل ہوتی رہتی ہیں۔ اسی طرح سے لوگ military میں test نہیں دے رہے کہ ہمیں تو وہاں لیا ہی نہیں جاتا، وہاں تو پنجابیوں، پٹھانوں یا کسی اور کو لیا جاتا ہے۔

جناب توصیف عباسی: میڈم سپیکر! پچھلے دو تین resolutions سے یہ ہو رہا ہے کہ resolution کچھ ہوتا ہے اور بندے کچھ اور کہہ رہے ہوتے ہیں۔ اس لیے مہربانی فرما کر to the point بات کی جائے، ایوان کا وقت ضائع نہ کیا جائے۔ ہمارا بھی کچھ خیال کیا جائے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ conclude کر لیں۔

جناب جمال نصیر جامعی: میڈم سپیکر! law and order احساس محرومی سے ہی پیدا ہوتا ہے، میں اسی کا ذکر کروں گا اور کس چیز کی وجہ سے پیدا ہوا ہے؟ لوگوں کو خواب آیا ہے کہ وہ guns لے کر نکل آئے ہیں۔ جب شہر میں ایسے نعرے لگیں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تمہیں کچھ نہیں ملے گا۔Quota system آ گیا ہے، اس لیے TV بیچو، اسلحہ خریدو تو کراچی میں یہی ہونا تھا۔ جب infrastructure بھی اس طرح کا تعمیر کیا جائے کہ اس میں بھی ethnicity نظر آئے کہ ایک سڑک پہلوان گوٹھ سے پہلے ختم ہو جائے، ایک سہراب گوٹھ سے پہلے اور ایک اختر کالونی سےپہلے ختم ہو جائے۔ ایک لانڈھی میں ختم ہو جائے، کورنگی میں نہ ہو۔ بہر حال یہ چیزیں نظر آتی ہیں۔ ہمارے قائدین کو یہ چاہیے، جن کے پاس شہر میں overwhelming majority ہے ، لوگ بے روزگار ہیں، ان کے پاس سرکاری نوکریاں نہیں ہیں۔ وہ آٹھ، دس ہزار روپے کی نوکریاں کرتے ہیں جو ایک حقیقت ہے۔ شہر کا کاروبار وہاں کے مقامی لوگوں کے پاس نہیں ہے حالانکہ پہلے مقامی پارسی اور

میمن لوگ ہی کاروبار کرتے تھے لیکن ایک بہت بڑا لسانی گروہ ایسا ہے جس کا کاروبار کی طرف رجحان نہیں ہے۔ ان کی leadership کو چاہیے کہ ان کو جس قسم کا بھی ہو، چھوٹے موٹے کاروبار کی طرف لاتی لیکن وہ jobs تک محدود رہے اور ان state level کی jobs سے بھی نکال دیا گیا ۔ میڈم سپیکر! سندھ میں تمام جماعتیں حکومت میں شامل ہیں لیکن میں یہ کہوں گا کہ military operations بہت ہو گئے، اس کا کراچی میں بہت نقصان ہوا۔ جب آپ اس قسم کی باتیں کرتے ہیں کہ ہم نے نوجوان جا کر جنگلوں میں پھینک دیے ہیں، جا کر ڈھونڈ لو۔ وہاں پر paramilitary موجود ہے، آپ وہاں پر rangers کو بھی اختیار دیں اور لولا، لنگڑا، مرغی، انڈا، مادھوری اور پہاڑی جیسے لوگوں کے خلاف limited operation کریں تو کراچی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: سراج دین میمن صاحب۔

جناب سراج دین میمن: شکریہ میڈم سپیکر۔ 1985 میں جب آنکھ کھولی اور 1995 جب میٹرک کیا، ہوش سنبھالا تو اخبار پڑھنا شروع کیا تو کراچی میں کورنگی، لانڈھی میں پندرہ، بیس لاشیں گرتی رہیں، گاڑیاں جلتی رہیں۔ لانڈھی، کورنگی، ناظم آباد، ملیر سنتے رہے اور افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ یہ کہانیاں چلتی آ رہی ہیں اور کراچی کی ایک بڑی جماعت جو پچیس سال سے حکومت میں ہے اور رونا روتی ہے کہ کراچی کا امن تباہ کیا جا رہا ہے۔ Basically the founder of terrorism in Karachi وہی ہے میں پھر کہوں گا متحدہ قتل و غارت موومنٹ اور اس کے دیکھا دیکھی دس بارہ سال بعد-----

میڈم ڈپٹی سپیکر: جماعتوں کے نام نہ لیں۔

جناب سراج دین میمن: میڈم سپیکر! یہ کہیں نہیں لکھا کہ جماعتوں کے نام نہیں لے سکتے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ نام نہ لیں۔ You bring evidence to support.

جناب سراج دین میمن: میڈم سپیکر! GIT کی reports, Supreme Council, Wiki Leaks کے evidences موجود ہیں اور Wiki Leaks نے یہاں تک کہہ دیا کہ متحدہ قومی موومنٹ جس کو میں قتل و غارت موومنٹ کہتا ہوں، اس کے پاس دس ہزار کے قریب trained forces موجود ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر:آپ ساتھ میں reference دے کر بات کریں۔

جناب سراج دین میمن: میں جولین اسانج اور GIT کی reports کی بات کر ہوں کہ they are more trained than police. جب یہ رپورٹیں آتی ہیں، جو بھی criminals, perpetrators from MQM, PPP and ANP جتنی بھی سیاسی پارٹیاں ہیں اور وہاں پر کچھ gangs بھی ہیں، ان کو جب عدالت میں لایا جاتا ہے تو کراچی میں ہماری پولیس اور رینجرز اتنے بےبس ہیں اور عدالتیں بھی بے بس ہیں کہ جو وکیل کیس لڑتا ہے، اس کو راستے میں مارا جاتا ہے، اس کا تعلق چاہے حقیقی گروپ، پیپلز پارٹی یا اے این پی سے ہو۔ ابھی سپریم کورٹ نے suo motu notice لیا تھا اور واضح طور یہ لکھا ہوا ہے کہ یہاں پر سیاسی جماعتیں ملوث ہیں۔ میڈم! مسئلہ یہ ہے کہ وہ جماعتیں دہشت گردی کرتی ہیں، بھتہ خوری کرتی ہیں، وہی اسمبلی میں موجود ہیں اور قانون سازی بھی وہی کرتے ہیں تو ہم کہاں سے انصاف مانگیں؟ یقینی طور پر ہماری نظریں military پر پڑتی ہیں ۔

رپورٹ یہ ہے 90 تھانوں میں SHO کراچی کی بڑی پارٹی کی سفارش پر لگتے ہیں۔ میری معزز ساتھی، یہ news report ہے، میں وثوق سے بات کر رہا ہوں اگر میرے پاس source نہ ہوتا تا میں بات ہی نہ کرتا۔ اب ہم کس سے انصاف مانگیں، پچیس سال سے حکومت میں ہیں، کبھی coalition کے نام پر، کبھی bargainship کے نام پر حکومت سے الگ ہو رہے ہیں، اڑھائی سو لوگ گئے، حکومت میں آ رہے ہیں، بیس بندے گئے۔ بندہ لندن میں مرتا ہے، پٹھانوں، میمنوں، ہمارے اردو بولنے والے لوگوں کی لاشیں گرائی جاتی ہیں۔ میں پھر دہراوں گا کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ہمارے ایک اردو بولنے والے پیارے بھائی کو support کر رہے ہیں، دوسروں کو بٹھا رہے ہیں، ان کی سندھ ہائی کورٹ میں جب شنوائی ہوتی ہے، ان کو دھمکیاں دیتے ہو اور ان کو محصور کر دیتے ہو۔ آپ democracy کی بات کرتے ہو تو سب کی رائے لو کہ وہ بھی آ کر بات کریں۔

میری کچھ سفارشات ہیں، میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ Elections آ رہے ہیں اس لیے اس وقت Army کا ہونا ضروری ہے کیونکہ کراچی میں پولیس تو totally politicized ہے۔ وہ بلاول ہاوس یا سیکٹر انچارج کی پرچیوں پر لگتے ہیں۔ میرا تعلق ملیر سے ہے، وہاں کا تھانہ میمن گھوٹ تھانہ ٹیپق صاحب کی پرچی پر چلتا ہے یعنی بلاول ہاوس سے چلتا ہے۔ اگلا تھانہ ماڈل کالونی ہے، وہ 90 سے چلتا ہے۔ جب یہ ہو گا تو نہیں ہو سکتا ۔ میری کراچی کی عوام سے گزارش ہے کہ وہ ڈر چھوڑیں، لندن سے پیر بابا نے خوف دیا ہے ہوا ہے یا ان کو جاگیر داروں کا خوف ہے، وہ دل کھول کر نکلیں۔ کراچی کے نوجوان آگے آئیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم feudalism کے خلاف ہیں، خود ان کی پارٹی میں جمہوریت نہیں ہے۔ ان کی رابطہ کمیٹی کے کبھی انتخابات نہیں ہوئے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔

جناب سراج دین میمن: میڈم! ایک آخری point ہے کہ سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا تھا، اس پر تب ہی عمل ہو گا جب یہاں کی عوام ڈر چھوڑے گی اور جتنا ہو سکے ووٹوں کے ذریعے سےاپنی نمائندگی ثابت کریں اور جو جاگیرداروں کو ختم کرنے کی باتیں کرتے ہیں، ان کو اٹھا کر باہر پھینک دیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب عمیر نجم صاحب۔

جناب عمیر نجم: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں یہ بات کرنا چاہوں گا کہ ملک میں حکومت کو جب کوئی بڑا مسئلہ پیش آتا ہے تو وہاں سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے کراچی کو battle field بنا دیا جاتا ہے۔ حکومت جب بھی مشکل میں ہوتی ہے تو اگلے دن کراچی آگ میں ہوتا ہے۔ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ اس کے علاوہ بات یہ ہے کہ کراچی کی economic conditions بہتر کرنے کے لیے ہماری حکومت کو strict actions لینے ہوں گے اور ان میں سب سے پہلا ہے کہ بغیر کسی قومیت اور عصبیت کے ان لوگوں کو ایسی positions پر لانا ہو گا جو کہ کراچی شہر کی تقدیر کو بدل سکتے ہیں کیونکہ کراچی کی تقدیر سے ہی ملک کی تقدیر بدلے گی اور اگر ملک کی تقدیر بدلے گی تو عوام کی تقدیر بدلے گی۔

میڈم ڈپٹی سپیکر:حنین علی صاحب۔

جناب حنین علی قادری: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں way forward کی طرف جاوں گا اور یہ کہوں گا کہ کراچی میں تعلیمی ادارے بنانے چاہیں جو لوگ select نہیں ہوتے یعنی ایک quota system کی وجہ سے کراچی کے لوگوں کو سندھ کے لوگوں کی نسبت زیادہ prefer کیا جاتا ہے۔تعلیمی اداروں میں equality basis پر quota system ہونا چاہیے اور پولیس کا merit system اور اس کو depoliticize ہونا چاہیے۔ اگر ایسے حالات ہیں تو وہاں پر limited operations ہونے چاہییں تا کہ وہاں پر اسلحہ کی بہتات کو ختم کیا جائے۔

محترمہ سیب اختر: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میرا شہر کراچی جس کو روشنیوں کا شہر کہا جاتا تھا، ان دنوں غم کے اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے۔ بے گناہ معصوم لوگ روز مارے جاتے ہیں۔ News channels پر politicians کا ایک رٹا ہوا انگریزی کا جملہ کہ we will take strict action against those involved in criminal activities. I really don't know how they define strict action. I don't know how they define criminal activities. یہ بیانات دینے والے سیاستدان وہی ہیں جو ان لوگوں کو back کرتے ہیں، جو اسلحہ اسمگل کر کے کراچی میں لاتے ہیں۔ ہر political party involved ہے اور خاص طور پر وہ سیاسی پارٹی جو کراچی کو اپنا مال سمجھتی ہے۔ میں نہیں چاہتی کہ مجھ پر points of order کی بہتات ہو۔ میں ثمن احسن اور سراج میمن کے بیچ میں بیٹھتی ہوں لیکن ایک چیز ضرور کہوں گی کہ میری MNA خوشبخت شجاعت صاحبہ ہیں، میں ان کے گھر گئی. I hold that lady in high regard. She is a very respectable person and I was very impressed by her. First time, when I went to her house انہوں نے میرے سامنے MQM کی اتنی اچھی تصویر پیش کی کہ میں اتنی Impress ہوئی اور میں نے کہا میں بڑی ہو کر MQM join کروں گی لیکن جب اپنے گھر آئی تو میری ماسی جو ماڑی پور کراچی میں رہتی ہے جو ان کا ہی علاقہ ہے، اس نے مجھے بتایا کہ ان کے گھر پر رات کو knock کیا گیا اور انہوں نے gun point پر ان کے پورے خاندان والوں کو کہا کہ کل عورتوں کا جلسہ ہے اور سب عورتیں آئیں گی اور ٹرک بھر بھر کر ان ہی عورتوں کو لے جایا جاتا ہے۔ اس لیے political parties کے لیے بہت ضروری ہے کہ وہ وہی کریں جو ان کو کرنا چاہیے۔ ایک تو کراچی میں صرف گیارہ ہزار پولیس والے ہیں، ان کو بھی political parties pressurize کرتی ہیں۔ میں سفارش یہی ہے کہ ہر ادارے کو depoliticize کیا جائے۔ ہر institution اپنا کام کرے جو اس کو کرنا چاہیے۔ گلگت بلتستان، بلوچستان اور پورے ملک میں جہاں جہاں حالات خراب ہیں، دعا کرتی ہوں کہ حالات ٹھیک ہو جائیں تا کہ بندہ گھر سے نکلے تو یہ نہ سوچے کہ زندہ واپس آوں گا کہ نہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: اشنا احمد صاحبہ۔

محترمہ اشنا احمد: میڈم سپیکر! شکریہ۔ تمام باتیں ہو گئی ہیں، میں صرف military کے حوالے سے کہوں گی کہ آپ اس کو کراچی میں استعمال کر سکتے ہیں لیکن اس کو صرف temporary solution کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ جیسے 92 military آئی تھی تو ایک دم temporary solution ہو گیا تھا اور law and order situation بہتر ہو گئی تھی لیکن آخر یہ ہی ہوا کہ Army کے جانے کے بعد جیسے ہیں Rangers and Police نے جب take over کیا تو پھر وہی problems arise ہونا شروع ہو گئیں۔ اس کو فوری مسئلے کا حل

ڈھونڈنے کے لیے استعمال کریں لیکن کراچی میں depoliticization and through law and order situation dialogue ہی بہتر ہو گی۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ثمن احسن صاحبہ۔

محترمہ ثمن احسن: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہاں پر movers نے بہت سی باتیں کر دی ہیں جو کہ بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے مجھے irrelevant لگیں۔ Law and order situation پر بات کرنی تھی، کسی ایک سیاسی جماعت کا background جو پہلے ہی بہت discuss ہو چکا ہے، وہ بیان نہیں کرنا تھا۔ میں یہ کہوں گی کہ Karachi is the gateway of Pakistan. The city of bright lights also called as mini Pakistan. آپ کو یہ سن کر اچھا لگے گا کہ sub continent میں ریلوے کا پہلا سٹیشن کراچی میں ہی بنایا گیا تھا۔ اس زمانے میں انگریز بھی کہتے تھے کہ یہ شہر بہت ترقی کرے گا۔ یہ بھی شاید کسی کے علم میں نہ ہو کہ پہلے international flights بھی through Karachi جایا کرتی تھیں لیکن اب دبئی جاتی ہیں۔ میرے خیال میں جہاں تک law and order کی بات ہے تو بہت ممکن ہے کہ بین الاقوامی طاقتیں بھی اس میں involved ہوں، اندرونی بھی ہو سکتی ہیں کیونکہ وہ نہیں دیکھ سکتے کہ کراچی اتنا ترقی کرے، ہر investor کراچی کر طرف دیکھتا تھا لیکن اب law and order situation اتنی خراب ہو گئی ہے کہ کوئی بھی اس طرف نہیں دیکھتا اور investors یہاں سے move کر رہے ہیں۔

میں دوسری بات یہ کروں گی کہ transport پر بھی ایک مخصوص جماعت نے قبضہ کیا ہوا ہے اور جب بھی کچھ ہوتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ transport نہیں چلے گی۔ ظاہر ہے جب transport نہیں چلے گی تو پورا کراچی نہیں چلے گا۔ ہمیں یہ بھی کرنا چاہیے کہ قبضہ مافیا جس کو ایک پارٹی کے بائیکاٹ کی وجہ سے موقع مل گیا کہ وہ کراچی میں حکومت بنا لیں اور وہ وہاں پر قبضہ مافیا بن گئے ہیں۔ اب رکشہ ڈرائیور ان کی پارٹی کے صدر بنے ہوئے ہیں۔ کسی نے یوٹیوب پر وہ مناظر نہیں دیکھے کہ لیاری میں معصوم لوگوں کو قتل کیا گیا تھا۔ اتنے سے بلیڈ سے ان کے جسم کو آدھا آدھا کیا ہوا تھا اور یہ utube videos پر uploaded ہیں، وہ کسی نے نہ دیکھا اور نہ ہی mention کیا لیکن میں کروں گی۔ جب محترمہ بینظیر بھٹو کا راولپنڈی میں قتل ہوتا ہے تو اس میں کراچی والوں کا کیا قصور ہے؟ اللہ نہ کرے ان کا قتل کراچی میں ہوتا تو یہ تو صفحہ ہستی سے ہی مٹ چکا ہوتا۔ آپ کو شاید یہ بات معلوم نہیں ہو گی کہ industrial area میں کام کرنے والی کچھ لڑکیوں کا پتا ہی نہیں چل سکا، اس رات وہ کہاں گئیں۔ کسی کی لاش ملی اور کسی کی آج تک نہیں ملی۔ بہت سی ایسی خواتین کو مسجدوں میں چھپایا گیا اور ان کی حفاظت کی۔ آپ جن کو برا بھلا کہتے ہیں، انہوں نے اچھے کام نہیں کیے ہوں گے، میں ان کی طرفداری نہیں کر رہی لیکن جو اچھی چیز ہو، میں اس کو ہمیشہ appreciate کرتی ہوں۔ ان لڑکیوں کو مسجد میں پناہ دی گئی، رات بھر ان کی حفاظت کی گئی۔ اس لیے میں کہوں گی کہ تنقید برائے تنقید کی بجائے تنقید برائے اصلاح کی جائے۔ جہاں تک law and order کی صورتحال ہے، پولیس کو کراچی میں درست کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب تبریز صادق مری صاحب۔

جناب تبریز صادق مری: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں اس پر زیادہ نہیں بولنا چاہ رہا تھا کیونکہ لوگ بہت کچھ کہہ چکے ہیں۔ ہماری ایک ساتھی نے کہا کہ flightsکراچی سےlink ہو کر جایا کرتی تھیں اور پاکستان کا سب سے پہلا ریلوے سٹیشن وغیرہ بھی، آج سے تقریباً پچیس سال پہلے ہی حالات بگڑنا شروع ہوئے ہیں اور جب سے ایک، دو جماعتیں حاوی ہوئی ہیں، ان کی وجہ سے ہی حالات خراب ہونا شروع ہوئے ہیں۔ لیاری آپریشن کی بات کی گئی، اس کی اور بارہ مئی کی Utube videos پر دیکھی گئیں لیکن میں کسی ایک سیاسی جماعت پر تنقید یا اس کا دفاع نہیں کروں گا۔ سب میں problems ہیں، سب سیاسی جماعتوں کے پاس terrorist wings بھی ہیں، اس بارے میں سپریم کورٹ کا ایک فیصلہ بھی آیا تھا۔ اب ہمیں کیا کرنا ہے؟ What is the way forward? Way forward can be determined in two ways. One is short term and other is long term. Obvious next year will be elections year. We will have to ensure that elections are free and fair تا کہ اگر کراچی میں کسی ایک سیاسی جماعت کی true political representation ہے تو .then they deserve it ہم کسی کو روکنے والے کوئی نہیں ہوتے لیکن اگر کسی کو ڈرا، دھمکا کر اور جعلی ووٹوں کے ذریعے سے اکثریت حاصل کرتا ہے تو .that is condemnable بات یہ ہے کہ deweaponsization کرنی چاہیے اور free and fair elections ہونے چاہییں۔ میں کبھی بھی military کو استعمال کرنے کے حق میں نہیں رہا لیکن کراچی کی صورتحال کافی عرصے سے خراب ہے، تو if necessary military use کر لی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ انعم محسن صاحبہ۔

محترمہ انعم محسن: میڈم سپیکر! شکریہ۔ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ no doubt resolution اچھی ہے اور ہر session میں کراچی کے ممبران کی طرف سےایسیresolution آتی رہی ہیں۔ میں ان کی توجہ اس طرف دلانا چاہوں گی کہ آپ یہ کہتے رہتے ہیں کہ military کی مداخلت نہیں ہونی چاہیے، نہیں ہونی چاہیے، نہیں ہونی چاہیے اور پھر بھی کہہ رہے ہیں کہ لانا چاہیے۔ اگر آپ جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں تو آپ کیوں اس طرف جاتے ہیں کہ military کو لاؤ؟ Why do not you strong your institutions? کراچی، سندھ میں بڑا مسئلہ ہی یہ ہے کہ وہاں جو parties exist کرتی ہیں وہ اپنے مفاد کے لیے economic factor کو بھول جاتی ہیں اور ان کے بیچ ایک blame game ہو رہی ہے۔ وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ پاکستان اگر کراچی اتنا ہی اہم ہے تو وہ سندھی یا کراچی کے لوگ بن کر نہ سوچیں اور پورے پاکستان کے لیے سوچیں۔ اس لیے institutionalization ہونی چاہیے، یہ way forward ہے۔ میرے خیال سے military intervention کے سلسلے میں اگر آپ کہتے ہیں کہ فاٹا میں آپریشن نہیں ہونا چاہیے تو پاکستان کے کسی بھی علاقے میں governance military interference کے حوالے سے نہیں ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ انعم ضیا صاحبہ۔

محترمہ انعم ضیا: میری امی کراچی کی ہیں اس لیے I am fully aware what is going in Karachi and I have full report about it. آج سے دس، بیس سال پہلے جو حالات تھے، اب نہیں ہیں۔ They resolution is very good. I second Anam Mohisn’s opinion that we have been saying since the beginning that military

مجھے لگتا ہے کہ ہم پھر اس کو oppose کر رہے ہیں۔ جب interference in democracy should not be accepted. جنرل نصیر اللہ بابر نے 1992 نے کراچی میں جب آپریشن کیا تھا تو آپ کو پتا ہے کہ کراچی میں کیا حالات ہوئے تھے اور کتنی mass killings ہوئیں تھیں۔ اگر ہم کراچی میںmilitary interference لانا چاہ رہے ہیں تو وہ war zone بن جائے گا۔ They are political parties, who oppose the interference اور اس وقت جو حالات ہیں، ان سے دس گنا زیادہ خراب ہو جائیں گے۔ Two major political parties are existing in Karachi at the moment, there is a blame game going on. میں نے یہاں پر notice کیا ہے کہ some are blaming one party the rest are counter parting کہ ان کی غلطی نہیں ہے۔ پہلے ان کو resolve کرنا چاہیے اور اپنے آپ کوpolitically establish کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سلمان خان شنواری صاحب۔

جناب سلمان خان شنواری: یہاں پر بڑی اچھی debate ہو رہی تھی جس میں political parties پر stanceلیا جا رہا تھا۔ وہاں پر ایک political party نہیں دو، تین ہیں۔ پہلے MQM نے شروع کیا، پھر ANP and PPP آئے، یہ دو، تین پارٹیاں ہیں، وہاں پر ایک سیاسی جماعت یہ کام نہیں کر رہی۔ جس طرح حزب اختلاف نے کہا کہ اس کا way forward کیا ہے۔ میرے نزدیک یہ ہے کہ یہاں پر free and fair elections ہوں۔ انہوں نے اس سلسلے میں military کی بات کی کہ شہریوں کو protection کا احساس ہو۔ پولیس اور bureaucracy کو political leadership آزاد کیا جائے کم از کم کراچی میں تو کیا جائے اگر باقی جگہ پر نہیں کراتے۔ وہاں پر سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ کا ایک بنچ بیٹھے جو یہ دیکھے کہ جو سیاسی جماعتیں اس میں ملوث ہیں تو اس پر پارٹی کو ban کر دیا جائے۔ یہ قصہ تیس سال سے چلا آ رہا ہے اور یہ چیز ہوتی جا رہی ہے کیونکہ اگر ایک جماعت اس میں ملوث ہے تو اس قصے کو لٹکانے کی بجائے، اس پر action لے کر اس کو ban کیا جائے۔ میں ایک اور چیز add کرنا چاہوں گا۔ ہماری Youth Parliament کے کچھ ممبران کی Foreign Office کے ایک Deputy Director سے ملاقات ہوئی تھی تو انہوں نے بتایا کہ یہ میں نے خود دیکھا ہے کہ سندھ کے کراچی سے تعلق رکھنے والے کچھ وزرا MI-5 and MI-6 سے انگلینڈ جا کر briefing لیتے تھے۔ اگر اس کو deny کرے تو میرے خیال میں وہ بندہ بہت سادہ ہو گا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ گوہر زمان صاحب۔

جناب گوہر زمان: میڈم سپیکر! ممبران نے ایک مشترکہ قرارداد پیش کی ہے اور حالات کو اچھی طرح سے بیان بھی کیا ہے گو کہ اس میں اختلاف بھی پایا گیا لیکن چونکہ کراچی mini Pakistan ہے اور پاکستان میں تو اختلاف رائے ہے ہی۔ یہ بات سمجھنے کی ہے کہ یہ صرف کراچی والوں کا مسئلہ نہیں ہے، اگر آپ کراچی کی اہمیت دیکھیں کہ اگر کراچی ایک دن کے لیے بند ہو تو پنجاب اور پورے ملک کی industry and economy اس سے affect ہوتی ہے۔ ہمیں اس بات کو بھی تسلیم کرنا چاہیے اس لیے وہ ہمارا prime concern ہے۔جہاں تک فوج کی بات ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ اتنا غیر جمہوری عمل ہو گا کہ on the call of civil government اگر فوج کو استعمال کریں کیونکہ کہ فوج کا ادارہ بیرونی اور اندرونی امن و امان

کے لیے بنایا گیا ہے اور اس کو اگر on the call of civil government استعمال کرتے ہیں تو میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی قباحت ہے۔ ایک بات یہ بھی سمجھنے کی ہے کہ elections میں تو military deploy ہوتی ہی ہے تو پھر بھی ہم یہ دیکھتے ہیں کہ election results وہی ہوتے ہیں جس طرح کے results بیس، پچیس سال سے آ رہے ہیں۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ during the elections military deployment کو بڑھانا چاہیے، یہ پورے ملک میں ہونا چاہیے اور خصوصی طور پر کراچی میں ہو۔ اس کے علاوہ وہاں پر paramilitary forces کو مزید اختیار دینا چاہیے تا کہ وہ neutrally operate کر سکے۔ اس لیے de-politicization ہی اس کا واحد حل ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ کا بہت شکریہ۔

جناب جمال نصیر جامعی: میڈم سپیکر! میں یہ وضاحت کرنا چاہوں گا کہ کراچی میںelections کے دوران کبھی فوج deploy نہیں ہوئی۔شکریہ۔

جناب حفیظ اللہ وزیر:میڈم سپیکر! میں amendment propose کر سکتا ہوں؟

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی، آپ amendment پڑھ کر سنائیں۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: میڈم سپیکر! Amendment یہ ہے کہ 1992 کے بعد سے military operations ہو رہے ہیں۔ جب شوکت سلطان وزیرستان آئے تو انہوں نے پہلی بات کہی کہ میں نے کراچی کا آپریشن بھی کیا، وزیرستان کیا ہے لیکن میرے خیال میں نہ کراچی میں امن آیا اور نہ ہی وزیرستان۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: حفیظ صاحب amendment کی lines پڑھ کا سنائیں۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: یہ جو آخری line ہے۔ Also utilize military for this purpose if required. اس میں military کی line ختم کر دی جائے کیونکہ military کے فیصلے temporary ہوتے ہیں، permanent نہیں ہوسکتے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ کیا اس کے movers اس amendment کی حمایت کرتے ہیں؟

(اس موقع پر No, No, کی آوازیں سنائی دیں)

جناب حسیب احسن: اس کے کچھ contents پڑھ لیں اور سمجھ لیں کہ if required اسلام آباد میں پرسوں بھی فوج آئی تھی، ہمارے آئین میں بھی ہے کہ فوج کو بلا سکتے ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Let me put this resolution to the House for voting.

(The resolution was adopted)

Madam Deputy Speaker: The House was adjourned to meet again tomorrow on 10.30 am.

[The House was then adjourned to meet again on 23rd September, 2012 at 10.30 a.m.]